विषय कोड : **Subject Code : 307**

प्रश्न पत्र सेट कोड
Question Paper Set Code
**A**

प्रश्न पत्र क्रमांक
Question Paper Serial No.
**307-**

# INTERMEDIATE EXAMINATION 2020
## (ANNUAL)

# LL-URDU (OPT.)
## I. A.

कुल प्रश्नों की संख्या : 60 + 7 = 67
**Total No of Questions : 60 + 7 = 67**

कुल मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 20
**Total No. of Printed Pages : 20**

(समय : 3 घंटे 15 मिनट)
[ Time : 3 Hours 15 Minutes ]

(पूर्णांक : 100)
[ Full Marks : 100]

***Instructions for the candidate :***

1. *Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable.*
2. *Figures in the left hand margin indicate full marks.*
3. *15 minutes of extra time has been allotted for candidates to read the questions.*
4. *This question paper is divided into two Sections. **Section-A** and **Section-B**.*
5. *In **Section-A**, there are **60 objective type questions**, each carrying **1 mark** out of which only **50 questions are to be answered**. Darken the circle with blue/black ball pen against the correct option on **OMR** Sheet provided to you. If more than 50 questions are answered, **only first 50 will be evaluated**. Do not use whitener/liquid/blade/nail etc. on **OMR** sheet, otherewise the result will be invalid.*



BiharboardQuestionpaper.com

## SECTION - A

درج ذیل معروضی سوالات میں سے صرف پچاس کا درست جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ کے جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے :

50 × 1 = 50

1. "ہجرت" کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) افسانہ
(B) ناول
(C) انشائیہ
(D) ڈراما

2. "مٹی کا تیل" کس کا مضمون ہے ؟

(A) شفیع جاوید
(B) وزیر آغا
(C) خواجہ حسن نظامی
(D) احمد جمال پاشا

3. "ٹوبہ ٹیک سنگھ" کس کا افسانہ ہے ؟

(A) عزیز احمد
(B) سعادت حسن منٹو
(C) کرشن چندر
(D) محمد محسن



BiharboardQuestionpaper.com

"غالب شکن" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

(A) مضطر کاکوی
(B) عمیق حنفی
(C) یگانہ چنگیزی
(D) مجاز لکھنوی

رجب علی بیگ سرور سے کون سی کتاب منسوب ہے؟

(A) گنج خوبی
(B) باغ و بہار
(C) فسانۂ عجائب
(D) نوطرز مرصع

"باغ و بہار" میں اندھے فقیر کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(A) چین
(B) ہندوستان
(C) عرب
(D) شام

نظم "کھیتی" کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) مجاز لکھنوی
(B) عمیق حنفی
(C) جوش ملیح آبادی
(D) علی سردار جعفری



BiharboardQuestionpaper.com

8. سید سلیمان ندوی کہاں پیدا ہوئے تھے ؟

(A) دہلی
(B) علی گڑھ
(C) دسنہ
(D) پٹنہ

9. ''شکست زنداں کا خواب'' کس کی نظم ہے ؟

(A) اقبال
(B) جمیل مظہری
(C) پرویز شاہدی
(D) جوش ملیح آبادی

10. درج ذیل میں کون سی نظم اکبرالہ آبادی کی ہے ؟

(A) مشاعر
(B) برق کلیسا
(C) کھیتی
(D) میرا سفر

11. کس کی خواہش پر میر امن نے ''باغ و بہار'' جیسی کتاب ترجمہ کی ؟

(A) آصف الدولہ
(B) اجان گلکرسٹ
(C) نواب واجد علی
(D) محمد تحسین



BiharboardQuestionpaper.com

12. ''ہم نہیں جانتے'' کس کی نظم ہے ؟

(A) یوجینو مونتالے (B) عمیق حنفی

(C) ظفر کمالی (D) عطا کاکوی

13. ''دائم پڑا ہوا ترے.........پر نہیں ہوں میں۔'' مصرعہ مکمل کیجئے۔

(A) گھر (B) در

(C) سر (D) منہ

14. ''ابراہیم سقہ'' کس کا افسانہ ہے ؟

(A) شفیع جاوید (B) جیلانی بانو

(C) سلام بن رزاق (D) منٹو

15. ''نشترِ یاس'' کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(A) یگانہ چنگیزی (B) پرویز شاہدی

(C) وزیر آغا (D) خلیل الرحمان اعظمی



BiharboardQuestionpaper.com

16. فرحت اللہ بیگ کے ساتھ مدرسے میں کون تھے ؟

(A) مسٹر رضا

(B) میاں دانی

(C) مسٹر مبین

(D) میاں شانی

17. اُردو کا پہلا خاکہ نگار کون ہے ؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) مولوی عبدالحق

(C) منٹو

(D) فرحت اللہ بیگ

18. ''سی پارۂ دل'' کس کی تصنیف ہے ؟

(A) خواجہ حسن نظامی

(B) وزیر آغا

(C) رشید احمد صدیقی

(D) انجم مانپوری

19. عربی میں ناشتہ کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) فطور

(B) افطار

(C) نہار

(D) قلیہ



BiharboardQuestionpaper.com

20. وزیر آغا کا تعلق کس ملک سے ہے ؟

(A) ہندوستان
(B) بنگلہ دیش
(C) پاکستان
(D) ایران

21. ''انشائیہ نگار.................طریق کار اختیار کرتا ہے۔'' خالی جگہ مکمل کریں۔

(A) رسمی
(B) غیر رسمی
(C) غمگین
(D) ان میں سے کوئی نہیں

22. کالج کی طرف سے ''باغ و بہار'' پر میر امن کو کتنے روپے کا انعام ملا ؟

(A) دو سو روپے
(B) تین سو روپے
(C) چار سو روپے
(D) پانچ سو روپے

23. فورٹ ولیم کالج کہاں واقع ہے ؟

(A) دہلی
(B) ممبئی
(C) کلکتہ
(D) مدراس



BiharboardQuestionpaper.com

24. پریم چند کا پہلا افسانوی مجموعہ کون سا ہے ؟

(A) واردات
(B) سوز وطن
(C) پریم پچیسی
(D) آخری تحفہ

25. ''بشن سنگھ'' کس افسانے کا کردار ہے ؟

(A) پراس
(B) ابراہیم سقہ
(C) ٹوبہ ٹیک سنگھ
(D) ٹھنڈا گوشت

26. ''ایوانِ غزل'' کس کا ناول ہے ؟

(A) شفیع جاوید
(B) جیلانی بانو
(C) منٹو
(D) سلام بن رزاق

27. ''امّو'' کس افسانے میں مرکزی کردار ہے ؟

(A) فرار
(B) پراس
(C) ابراہیم سقہ
(D) کوارنٹین



BiharboardQuestionpaper.com

28. ''سقہ'' کا معنی کیا ہوتا ہے ؟

(A) کھانا کھلانے والا
(B) پانی پلانے والا
(C) کام کرنے والا
(D) خادم

29. ''غبار خاطر'' میں کیا ہے ؟

(A) افسانے
(B) انشایئے
(C) خطوط
(D) ڈرامے

30. ''غبار خاطر'' کا مصنف کون ہے ؟

(A) خواجہ حسن نظامی
(B) ابوالکلام آزاد
(C) غالب
(D) مہدی افادی

31. اِن میں سے کون ترقی پسند ادیب ہے ؟

(A) سجاد حیدر یلدرم
(B) علی سردار جعفری
(C) ڈپٹی نذیر احمد
(D) خواجہ حسن نظامی



BiharboardQuestionpaper.com

32. عمیق حنفی کا اصل نام کیا تھا ؟

(A) عبدالعزیز حنفی
(B) عامر حنفی
(C) عبداللہ حنفی
(D) افروز حنفی

33. ''فلک'' کی جمع کیا ہوگی ؟

(A) افلاک
(B) فلکیات
(C) مفلوک
(D) فلیک

34. درج ذیل میں اسمِ معرفہ یعنی اِسم خاص کون ہے ؟

(A) آدمی
(B) انسان
(C) بزرگ
(D) ڈاکٹر امبیڈکر

35. وہ نام جو کسی خوبی یا برائی کی بنا پر عوام کی طرف سے دیا جائے، کیا کہلاتا ہے ؟

(A) خطاب
(B) لقب
(C) کنیت
(D) تخلص



BiharboardQuestionpaper.com

36. ''ناخدا'' کے معنی ہوتے ہیں ؟

(A) ملاح
(B) کشتی
(C) دریا
(D) سمندر

37. ''اے ولی! جولباس تن پہ رکھا'' - اس مصرعے میں ولی کیا ہے ؟

(A) ردیف
(B) قافیہ
(C) تخلص
(D) خطاب

38. ''پہاڑ کاٹنے والے زمین سے ہار گئے''- اس مصرعہ میں پہاڑ کاٹنے والے سے کس کی طرف اشارہ ہے ؟

(A) لیلیٰ
(B) مجنوں
(C) فرہاد
(D) شیریں

39. درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے ؟

(A) نعمت
(B) رحمت
(C) شعر
(D) قیامت



BiharboardQuestionpaper.com

40. ''اسکول'' کیا ہے ؟

(A) حاصل مصدر
(B) صفت
(C) اسم آلہ
(D) اسم ظرف

41. ''گھبرانا'' کا حاصل مصدر کیا ہوگا ؟

(A) گھبراہٹ
(B) گھبرالو
(C) گنبھیر
(D) گھبراؤ

42. ''روشن کمرہ'' میں روشن کیا ہے ؟

(A) اسم آلہ
(B) اسم ظرف
(C) صفت
(D) فعل

43. ''زید آم کھاتا ہے۔'' اس جملے میں ''کھاتا ہے'' کیا ہے ؟

(A) فاعل
(B) فعل
(C) مفعول
(D) اِسم



BiharboardQuestionpaper.com

44. ''کل میں مشاعرہ میں جاؤں گا۔'' یہ جملہ کس زمانے سے تعلق رکھتا ہے ؟

(A) ماضی (B) حال

(C) مستقبل (D) ماضی تمنائی

45. ''نشیب'' کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) فراز (B) بلندی

(C) ظاہر (D) وسیع

46. ''ظہرانہ'' کا لفظ کس کے لئے استعمال ہوتا ہے ؟

(A) صبح کا ناشتہ (B) دوپہر کا کھانا

(C) رات کا کھانا (D) کھانا پکانے والا

47. ''ناک میں دم کرنا'' کا مطلب ہوتا ہے۔

(A) پریشان کرنا (B) غرور کرنا

(C) ناک میں دوا ڈالنا (D) رنجیدہ ہونا



BiharboardQuestionpaper.com

48. لسانیات میں "سکتہ" کا مطلب کیا ہوتا ہے ؟

(A) طویل ٹھہراؤ

(B) مختصر ٹھہراؤ

(C) سوال

(D) خاتمہ

49. جس شعر میں کسی تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ ہو، اُسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) مجازِ مرسل

(B) تلمیح

(C) تجنیس

(D) مبالغہ

50. کون سا جملہ درست ہے ؟

(A) وہ سو گئیں ہے

(B) میں نماز پڑھتا ہوں

(C) تم کرکٹ کھیلتے ہو

(D) ہم ناشتہ کر رہے ہیں

51. غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، کیا کہلاتا ہے ؟

(A) مطلع

(B) مقطع

(C) حسنِ مطلع

(D) زیبِ مطلع



BiharboardQuestionpaper.com

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...

BiharboardQuestionpaper.com

अभी विजिट करें ..



BiharboardQuestionpaper.com

MISSING PAGE 17

BiharboardQuestionpaper.com



BiharboardQuestionpaper.com

## SECTION - B

۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے : 8

(الف) سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

(ب) کمپیوٹر کی اہمیت

(ج) عید کی خوشیاں

(د) محرم

(ہ) تاج محل

(و) مہاتما گاندھی

۲۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے : 4

(الف) مجھے دل کی خطا پر یاس شرمانا نہیں آتا
پرایا جرم اپنے نام لکھوانا نہیں آتا

(ب) رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

(ج) ہوئے ہیں پیر ہم اب دیدنی رونا ہمارا ہے
پلک پر اپنی آنسو صبح پیری کا ستارا ہے

۳۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجیے : 4

"اے شاہ زادے۔ تیری یہ حالت بے کسی کی دیکھ کر مجھے یاد آیا اور یہ جی میں ٹھہرایا، کسو طرح تجھ کو ملک صادق کے پاس لے چلوں اور میرے چچا کا ظلم بیان کروں۔ غالب ہے کہ وہ دوستی تمہارے باپ کی یاد کر، ایک بوزنہ جو باقی ہے، تجھے دے دے۔ تب ان کی مدد سے تیرا ملک تیرے ہاتھ آوے"



BiharboardQuestionpaper.com

4. اپنے والد کو ایک خط لکھیے جس میں انہیں اپنے پسندیدہ استاد کے بارے میں بتائیے۔

یا

اپنے دوست کو خط لکھیے اور اُسے اپنے کالج کے بارے میں بتائیے۔

5. درج ذیل سوالوں میں سے صرف پانچ کے مختصر جواب دیجیے : $5 \times 2 = 10$

(a) ''کوارنٹین'' افسانے میں کس وبا کا ذکر ہے ؟

(b) ویدانت کا فلسفہ سوامی وویکانند نے کہاں اور کس شہر میں پیش کیا تھا ؟

(c) مولانا ابوالکلام آزاد کی کسی ایک کتاب کا نام بتائیے۔

(d) میاں دانی شعر پڑھنے میں کیسی غلطیاں کرتے تھے ؟

(e) مٹی کا تیل دیکھ کر لوگ کیوں ناک بھوں چڑھاتے ہیں ؟

(f) بنجاروں کو اور کس نام سے جانا جاتا ہے ؟

(g) میر انیس کے ایک ہم عصر کا نام بتائیے۔

(h) قلعی کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی کیا ہیں ؟

(i) انشائیہ شعری صنف ہے یا نثری ؟

(j) پر امس افسانہ کے دو کرداروں کے نام بتائیے۔

6. مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجیے : $3 \times 5 = 15$

(a) نظم ''میرا سفر'' یا ''برقِ کلیسا'' کا خلاصہ لکھیے ؟

(b) انشائیہ ''ہجرت'' کا مرکزی خیال واضح کیجیے ؟

(c) افسانہ ''بھولے بسرے گیت'' کا خلاصہ لکھیے۔

BiharboardQuestionpaper.com

(d) میر امن دہلوی کا تعارف پیش کیجئے۔

(e) مرزا غالب کی شاعرانہ عظمت پر اظہار خیال کیجئے ؟

(f) اپنے پسندیدہ شاعر کے دو اشعار لکھئے ؟

7. درج ذیل عبارت کی تلخیص پیش کیجئے: 4

"چائے چین کی پیداوار ہے اور چینیوں کی تصریح کے مطابق پندرہ سو برس سے استعمال کی جا رہی ہے، لیکن وہاں کبھی کسی کے خواب وخیال میں بھی یہ بات نہیں گزری کہ اس جوہر لطیف کو دودھ کی کثافت سے آلودہ کیا جا سکتا ہے۔ جن جن ملکوں میں چین سے براہ راست آگئی، مثلاً روس، ترکستان اور ایران۔ وہاں بھی کسی کو یہ خیال نہیں گزرا۔ مگر سترہویں صدی میں جب انگریز اس سے آشنا ہوئے تو نہیں معلوم ان لوگوں کو کیا سوجھی، انہوں نے دودھ ملانے کی بدعت ایجاد کی اور چوں کہ ہندوستان میں چائے کا رواج اُنہیں کے ذریعے ہوا، اس لئے یہ بدعت یہاں بھی پھیل گئی۔"

یا

درج ذیل میں سے کسی ایک کہانی کا خلاصہ لکھئے۔

(a) ٹوبہ ٹیک سنگھ

(b) بھولے بسرے گیت

(c) پرامس

BiharboardQuestionpaper.com

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...

BiharboardQuestionpaper.com

अभी विजिट करें ..